اشوک کمار کا پیش کردہ

कल्पना

# کلپنا

اداکاران

اشوک کمار - پدمنی

راگنی - سُندر

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

# گانے کلپنا کے

نمبر ۱

اوجی ساون بن ہوں بیقرار سجنوا سے کہہ دیجو
مورے گھونگھٹ سے جھانکے بہار سجنوا سے کہہ دیجو

وہ جو نہیں تو چمکے نہ بندیا
جھپنے لگی ہے آنکھوں میں نندیا
موہے دم بھر نہیں ہے قرار
پڑنے لگے ہیں باغوں میں جھولے
پر رسیا کیوں ہم کو ہی بھولے
ہیں تو ان کی نظر کا شکار

گانا نمبر ۲:- پھر بھی ہے دل بیقرار
جائے جہاں میری نظر کلیاں وہاں جائیں نکھر
کہے کوئی چھلیا تو ہے حسین
کہے کوئی رسیا ماہ جبین
کوئی کہے دلربا کوئی رنگیلا چھیل چھبیلا
تجھ کو پکارے تو آ
کوئی کہے ظالم تو ہے پری
کوئی کہے ہائے تیری جادوگری
کوئی کہے لوٹلیا۔ کوئی البیلا رسیا تجھ سی مبیلا
تجھ کو پکارے تو آ

گانا نمبر۳:۔ ہمکو سمجھ نہ لیجئے ڈالی گلاب کی
کر دیں گے ہم تو صاف طبیعت جناب کی
نظروں کے تیر آنکھوں میں رکھیے سنبھال کے
پچھتاؤ گے نظر کبھی لڑکی پہ ڈال کے
محفل نہیں ہے یہ کسی بگڑے نواب کی
جو آپ کی سمجھ میں نہ آئے وہ راگ ہوں
بجلی ہوں ناچتی ہوئی شعلہ ہوں آگ ہوں
ہم سے اُلجھ کے اپنی ہی مٹی خراب کی
منہ پھروں کے ساتھ بہت ہی بری ہوں میں
لڑکی سمجھ نہ لیجئے میٹھی چھری ہوں میں
تصویر ہم نہیں ہیں محبت کے خواب کی

گانا نمبر ۴:۔

او اسلام وعلیکم وعلیکم بابو کہو کیسا حال ہے
او ئے وعلیکم اسلام کر دیجئے بڑا چینگا حال ہے
چھیڑو نہیں بابو مجھے بڑی ہی شریر ہوں
جانے کون ہے وہ رانجھا جس کی میں ہیر ہوں
عشق کے معاملے میں بڑا بے نظیر ہوں
کر لے قبول مجھے عاشقوں کا پیر ہوں
او ئے گوری تیرے عاشقوں کا بُرا بُرا حال ہے
بھولی بھالی آنکھوں والی گاؤں کی یہ چھوریاں
توڑ کے دلوں کے نالے کرتی ہیں چوریاں

کالے کالے بالوں والی گوری گوری گوریاں
ملتی ہیں پیار دیتی ہیں پیار کی کٹوریاں
دلوں کو کیوں نہ لوٹیں مفت کا مال ہے

**گانا نمبر ۵ :-**

ایک نگین پہیلی ہوں تجھے کیا معلوم
بھری دنیا میں اکیلی ہوں تجھے کیا معلوم
ہو کے بیتاب تیرے پاس چلی آئی ہوں
تیرے خوابوں کی سہیلی ہوں تجھے کیا معلوم
میں کھڑکی میں آؤں گی
جب شام کو سورج ڈھلے گا
لیکن اتنا یاد رہے سارا زمانہ جلے گا
تیرے گورے ہاتھ پہ کوئی
پیار کی مہندی ملے گا
لیلیٰ کی نظروں میں کیا تھا اک مجنوں دیوانہ
تم نے تو لاکھوں کو دلبر
کر ڈالا دیوانہ
اور جو بھی بنے گا مجنوں میرا ہاتھ بیچارا ملے گا
آتے جاتے مل جاتے ہیں دو راہی انجانے
ملتے جلتے بن جاتے ہیں لاکھوں ہی افسانے
اور کے ملنے والے ملتے رہیں گے
جلنے والا جلے گا

گانا نمبر ۶:—

پیارا پیارا ہے سماں، سیّاں جانے ہو کہاں
لپٹ گئی تیری بانکی نظریا میں تیرے قربان
مکھڑے پہ ہلکی ہلکی لالی گلاب کی
انکھیوں سے جھانکتی ہے مستی شراب کی
او جھومتی بہاریں لائی ہستی شراب کی
کیسے جی کہنے کب ہے مرضی جناب کی
آنکھیں شرابی گال گلابی ہونٹوں پہ مسکان
چھائی ہیں گھٹائیں کالی پہلو میں یار ہے
ہائے کیا کرے وہ جس کا دل بیقرار ہے
او ترچھی کٹار ہے تو ہنستی بہار ہے
ہاتھ میں لگاؤں کیسے بجلی کا تار ہے
مار کے جھٹکا زلف کو لٹکا کر دوں گی حیران
کجرا محبت والا انکھیوں میں ڈال کے
آئی ہو کہاں سے لیکے نکھرے کمال کے
او پیار کا خزانہ ہوں میں رکھنا سنبھال کے
چور کوئی لے نہ جائے دھوکے میں ڈال کے
مجھکو لگا لے پیار کے نانے تجھی سے ہوں جان

گانا نمبر ۷:—

نمسکار مہادیو کو نمسکار نٹ راج
کلا بچارن آئی ہے ان چرنوں میں آج

نمسکار بھگوان کو جس نے بنائی پریت
ایک دیوتا دو پجارنیں کس کی ہو گی جیت
تو ہے میرا پریم دیوتا ان چرنوں کی داسی ہوں میں
من کی پیاس بجھانے آئی انت گھمٹ تک پیاسی ہوں میں

## گانا نمبر ۵

چلے آؤ خریدارو کہ ہم اُلفت لُٹاتے ہیں
خُدائی کا ہمیں دعوے ہے ہم جنت بناتے ہیں
اجی چاندی کے بدلے چاند سی صورت دکھاتے ہیں
کسی سے پیار ہو جائے تو اُس پر مٹ بھی جاتے ہیں
ہمیں مارو نہ نینوں کے بان سانوریا کیں مر جاؤں گی
اجی تم ہم پہ مرتے ہو تو ہم دولت پہ مرتے ہیں
محبت تم بھی کرتے ہو محبت ہم بھی کرتے ہیں
ہمیں اے دُنیا والو اس طرح نفرت سے مت دیکھو
تجارت تم بھی کرتے ہو تجارت ہم بھی کرتے ہیں
ارے او جانے والے تو میرے جذبات کیا جانے
بنا اشکوں کے جو ہوتی ہے وہ برسات کیا جانے
تمہارے ہی لیے تم سے جدائی مانگ لی ہم نے
تو دِل کس بات کیا سمجھے تو دِل کی بات کیا جانے

## گانا نمبر ۹

آنا آنا اثر یا یہ آنا
دیکھے چاہے سارا زمانہ
پیار لائی نظر میں چھپا کے
دیکھ لے اک نظر مسکا کے
میری آنکھوں سے جھانکے ہے پیار بار۔ بار
آنا۔ آنا

رات رنگین پیارا سماں ہے
پیار میرا ابھی تک جوان ہے
میری آنکھوں میں جھومے پیار بار۔ بار
میں کہیں ہوں میرا دل کہیں ہے
میرا دل میرے بس میں نہیں ہے
چھین لیا ہے کوئی قرار بار۔ بار

## گانا نمبر ۱۰

بیکسی حد سے جب گزر جائے کوئی اے دل جیئے کہ مر جائے
زندگی سے کہو دلہن بن کے آج تو دو گھڑی سنور جائے
انکو جی بھر کے دیکھ لینے دے دل کی دھڑکن ذرا ٹھہر جائے
ہم ہیں خود اپنی جان کے دشمن کیوں یہ الزام انکے سر جائے
میرے نغموں میں ان کا دل نہ دکھے غم نہیں مجھ پہ جو گزر جائے

ختم شد

# عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| عملیات تسخیر عالم | 3/-/- | اندر جال | 1/8/- |
| عملیات تسخیر محبوب | 1/8/- | اُستاد جادوگراں | 3/8/- |
| عملیات مغلوب | 2/-/- | مکمل جادوگری | 2/8/- |
| عملیات لشمی کرن | 2/-/- | چین بنگال کا جادو | -/12/- |
| کامروپ کا جادو | -/12/- | اُلو تنتر | 3/-/- |
| رہنما جادوگری | -/14/- | کوا تنتر | 4/-/- |
| جادو مسمیریزم | 2/-/- | نقش سلیمانی | 1/-/- |
| کالا جادو | 4/-/- | تعویز سلیمانی | 1/-/- |

# شعر و شاعری — دیوان بہترین شعراء کے کلام

| | | | |
|---|---|---|---|
| دیوان غالب | 1/-/- | مسدس حالی | 1/-/- |
| دیوان ظفر | 1/-/- | کلیات اقبال | 5/-/- |
| دیوان داغ | 1/-/- | شعلۂ طور دیوان جگر | 5/-/- |
| دیوان ذوق | 1/-/- | بانگ درا اقبال | 3/-/- |
| ضرب کلیم | 2/-/- | آتش گل | 4/-/- |
| بال جبریل | 2/-/- | علم مجلسی | 1/8/- |
| پرچھائیاں | 1/4/- | زہر عشق | -/14/- |
| تلخیاں | 3/8/- | قہر عشق | -/14/- |

## زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

الہ آباد پریس دہلی